کوئٹہ (خ ن) بلوچستان اکیڈمی فار کالجز ٹیچرز ''بیکٹ'' کے زیر اہتمام کورس مکمل کرنے کی اختتامی تقریب ہوئی۔ تقریب کی مہمان خصوصی وزیر تعلیم راحیلہ حمید خان درانی تھیں۔ تقریب میں آمد کے موقع پر ڈائریکٹر ''بیکٹ'' پروفیسر محمد نواز سومرو اور دیگر افسران نے استقبال کیا، صوبائی وزیر کو ادارے کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ صوبائی وزیر نے خطاب میں کورس شرکاء کو تربیت مکمل کرنے پر مبارک دی۔ انہوں نے کہا انسان ہر دور ہر وقت اور ہر لمحہ کچھ نہ کچھ سیکھتا ہے۔ پھر یہ ضروری ہے جو آپ نے جو سیکھا وہ آپ کے پاس امانت ہے جو آپ نے دوسروں تک منتقل کرنا ہے، انہوں نے کہا کہ دنیا میں استاد کا بڑا مقام اور رتبہ ہے۔ میں استاد کی بڑی قدر کرتی ہوں اور میری شروع دن سے یہی کوشش رہی ہے کہ استاد کو اسکا مقام دلا دوں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ آپ پر بہت بڑی ذمہ داری عائد ہوتی کہ آپ نے قوم کی نسلوں کو علم اور شعور کی دولت سے نوازنا ہے۔ جس سے قوم اور ملک کا مستقبل وابستہ ہے۔ وزیر تعلیم نے کہا کہ تربیتی پروگرام کے دائرہ کار میں وسعت دیں گے، جدید آلات، سہولیات فراہم کرینگے، انہوں نے کہا کہ خواتین کو تعلیم تربیت کے ہر امور میں مساوی توجہ اور حقوق دینگے۔ صوبائی وزیر نے اکیڈمی اور دور دراز علاقوں کے اساتذہ کی شکایت کا ازالہ اور مسائل کے حل کی یقین دہانی کرائی۔ صوبائی وزیر نے کورس مکمل والے اساتذہ میں سرٹیفکیٹ تقسیم کیے۔

## پشتون کلچر ڈے ثقافت سے آگاہی کا دن ہے، بخت محمد کاکڑ

**قوم آج کا دن محبت اتحاد اور بھائی چارے کے طور پر منائے، صوبائی وزیر صحت**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نے پشتون ثقافتی دن کے موقع پر پشتون قوم کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ یہ دن پشتونوں کی شاندار تاریخ، عظیم ثقافتی وراثت اور ان کی اعلیٰ روایات کو نہ صرف منانے بلکہ اپنی شاندار تاریخ سے نوجوان نسل کو آگاہی دینے کا دن ہے انہوں نے کہا کہ پشتون ثقافت، بہادری، غیرت، مہمان نوازی، امن پسندی، محبت اور احترام کا نام ہے قوم آج کا دن محبت، اتحاد اور بھائی چارے کے فروغ کے طور پر منائے۔

## پشتون روایات امن، محبت اور سادگی پر مبنی ہیں، میر لیاقت لہڑی

**تمام اقوام کا ثقافتی امتزاج رنگارنگی پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں، پشتون کلچر ڈے پر مبارکباد**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پارلیمانی سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی میر لیاقت علی لہڑی نے پشتون قوم کو پشتون کلچر ڈے کی مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان مختلف اقوام کا خوبصورت گلدستہ ہے اور ان تمام اقوام کا ثقافتی امتزاج اور رنگارنگی پاکستان کے ماتھے کا جھومر ہیں۔ ایک بیان میں میر لیاقت علی لہڑی نے کہا ہے کہ دنیا بھر میں پشتون روایات اپنا مقام رکھتی ہیں، جو امن، محبت، بہادری، مہمان نوازی، عزت و احترام اور سادگی پر مبنی ہے۔ زندہ اور باشعور قومیں اپنی ثقافتی و روایاتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے ہر قوم کی ثقافت سے محبت ہے کیونکہ ثقافت امن، محبت اور یکجہتی کا پیغام دیتی ہے اور زندہ و باشعور قومیں اپنی ثقافتی و روایتی اقدار اور تاریخی ورثے کا تحفظ کرتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کلچر ڈے منانے کا مقصد روایات، ثقافت اور منفرد طرز زندگی کو بہتر طور پر سمجھنے اور اسے ہمیشہ زندہ رکھنے کی کوشش ہوتی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## بلاول بھٹو قوم کی آخری امید، پاکستان کا مستقبل ہیں، فیصل جمالی

**چیئرمین پیپلز پارٹی نے کم عرصے میں اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا، صوبائی وزیر لائیو سٹاک**

اوستہ محمد (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے رہنما، صوبائی وزیر لائیو سٹاک میر فیصل خان جمالی نے کہا کہ بلاول بھٹو قوم کی آخری امید اور پاکستان کا مستقبل ہیں بلاول بھٹو کی سالگرہ کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا کہ کم عرصے میں اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا، پیغام، سالگرہ پر مبارکباد پاکستان پیپلز پارٹی کے صوبائی رہنما و ایم پی اے سردارزادہ فیصل خان جمالی نے پارٹی چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کو 36 ویں سالگرہ کی مبارکباد ......... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

پیش کرتے ہوئے ان کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری قوم کی آخری امید اور پاکستان کا مستقبل ہیں، وہی ملکی معیشت و سیاست کی کشتی کنارے لگا سکتے ہیں بلاول بھٹو زرداری پاکستان کے مقبول ترین لیڈر ہیں، جنہوں نے جس طرح کم عرصے میں اپنی قائدانہ صلاحیتوں کا لوہا منوایا اس میں شہید بینظیر بھٹو اور صدر آصف علی زرداری کی تربیت کا بڑا عمل دخل ہے، انہوں نے کہا کہ ملک کے سیاسی مسائل ہوں یا حکومتی امور بلاول بھٹو زرداری اس میں بہترین کردار ادا کر رہے ہیں اور موجودہ حکومت میں بھی عوام کے مسائل کے حل کیلئے ایک توانا آواز ہیں، انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو بلوچستان کے مسائل حل کرنے کیلئے بھی متحرک ہیں اور اسی لئے بلوچستان کو اہمیت دے رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA

## کلچر اور زبان قوموں کی پہچان ہوتی ہے، نور محمد دمڑ

**پشتون کلچر، زبان اور قوم نے تہذیب یافتہ دنیا کیلئے تاریخی کارنامے سرانجام دیئے**

کوئٹہ (اے این این) مسلم لیگ ن کے مرکزی رہنما، صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ کلچر اور زبان قوموں کی پہچان ہوتی ہے کلچر ہی کی بنیاد پر کوئی قوم زندگی بسر کرنے کا فیصلہ کرتی ہے بلوچستان صوبہ میں مختلف اقوام آباد ہیں یہاں بلوچستان میں مختلف اقوام کے لوگوں کی زبان اور زندگی بسر کرنے کا انداز بھی مختلف ہے ہم حکومتی سطح پر تمام قوموں کی زبانوں کلچر اور مذاہب کا احترام کرتے ہیں اسی طرح قومی سطح پر بھی قوموں کی زبانوں ......... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

اور کلچر کو احترام دیتے ہیں پشتون قوم محب وطن قوم ہے جس نے ملک و قوم کیلئے بہت بڑی قربانیاں دی ہے پشتون کلچر ڈے کے موقع پر تمام پشتون قوم کو دنیا میں جہاں بھی پشتون بستے ہیں ان کو مبارکباد پیش کرتا ہوں یہ دن پشتون قوم کیلئے تاریخی اور اہمیت کا حامل ہے صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ تاریخ میں پشتو کلچر، زبان اور قوم نے تہذیب یافتہ دنیا کیلئے بڑے بڑے کارنامے سرانجام دیئے۔ انہوں نے کہا کہ ہم کے زمانے سے قبل دنیا پشتون سرزمین اور کلچر میں پشتون کی یہ روایات رہی ہیں کہ کسی بیرنگ، نسل، زبان اور مذہب کی بنیاد پر نفرت نہیں کی جاتی ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بہت بڑے فاتح سکندر اعظم یونانی اور دیگر مورخین نے پشتونوں کی شجاعت بہادری اور اچھی خاصیتوں کا ذکر کیا ہے

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated: 23 SEP 2024 Page No.


# بلوچستان کے 300 ماہی گیروں کو کوریا بھیجا جائے گا، برکت رند

بلوچستان کے ماہی گیروں کی فلاح و بہبود اور روزگار کے لیئے بڑا اقدام،، فارن ورکرز سیزنل پروگرام کے تحت حکومت بلوچستان اور حکومت کوریا کے مابین معاہدہ طے پایا

**صوبائی حکومت بلوچستان کے ماہی گیروں کو جدید بنیادوں پر ماہی گیری صنعت میں نمایاں روزگار کے لیے کام کر رہی ہے، پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ فشریز بلوچستان**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے ماہی گیروں کی فلاح و بہبود اور روزگار کے لیئے بڑا اقدام، تین سو تجربہ کار ماہی گیروں کو کوریا بھیجا جائے گا، فارن ورکرز سیزنل پروگرام کے تحت حکومت بلوچستان اور حکومت کوریا کے مابین معاہدہ طے پایا، تفصیلات کے مطابق پارلیمانی سیکرٹری برکت علی رند اور سیکرٹری ماہی گیری جاوید انور شاہوانی کی کوششوں کے نتیجے میں حکومت بلوچستان اور حکومت کوریا کے درمیان فارن ورکرز سیزنل پروگرام کے تحت ایک معاہدہ طے پایا جس کے تحت پہلی شفٹ میں بلوچستان کے تین سو تجربہ کار ماہی گیروں کو کوریا روانہ کر دیا جائے گا جبکہ دوسری شفٹ میں ایک ہزار کے قریب ماہیگیروں کو ماہی گیری شعبے میں ٹریننگ دینے کے لیے کوریا بھیجا جائے گا۔ اس سلسلے میں پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ فشریز بلوچستان برکت رند نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ماہی گیروں کو جدید بنیادوں پر ماہی گیری صنعت میں نمایاں روزگار کے لیے کام کر رہی ہے اس سلسلے میں پارلیمانی سیکرٹری برائے محکمہ فشریز بلوچستان برکت رند نے کہا کہ صوبائی حکومت بلوچستان کے ماہی گیروں کو جدید بنیادوں پر ماہی گیری صنعت میں نمایاں روزگار کے لیے کام کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارا مقصد بلوچستان کے ماہی گیروں کو اس قابل بنانا ہے کہ وہ ماہی گیری صنعت میں احسن طریقے سے اپنا روزگار کر سکیں۔

# دنیا بھر میں بچوں کو غذائی قلت کا سامنا ہے، سیکرٹری صحت بلوچستان

افریقہ کے بعد پاکستان خصوصاً بلوچستان میں سب سے بچے زیادہ غذائی قلت کا شکار ہیں، غذائی قلت کا شکار بچے زیادہ مفلوج ہو جاتے ہیں

**یونیسیف اور دیگر عالمی اداروں کی تعاون سے بلوچستان میں بچوں کی غذائی قلت پر قابو پانے کے لیئے تمام تر اقدامات اٹھا رہے ہیں، صالح محمد بلوچ**

کوئٹہ (خ ن) سیکرٹری صحت بلوچستان محمد صالح بلوچ نے گزشتہ روز عالمی ادارہ یونیسیف کی تعاون سے سنڈیمن صوبائی ہسپتال میں سینٹر آف ایکسیلنس (بچوں کی بہتر نشوونما سینٹر) کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز بلوچستان ڈاکٹر امین مندوخیل، یونیسیف کے چیف ڈاکٹر مریم درویش، یونیسیف نیوٹریشن چیف انتونے گراما، ایم ایس سنڈیمن صوبائی ہسپتال ڈاکٹر اسحاق پانیزئی، ڈائریکٹر نیوٹریشن پروگرام بلوچستان ڈاکٹر نعیم اللہ زرکون، ڈپٹی ڈائریکٹر بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹریٹ ڈاکٹر اویس ترین، یونیسیف ای سی ڈی مینجر ڈاکٹر صباح شجاع، یونیسیف کی ڈاکٹر یاسمین، یونیسیف سے ڈاکٹر ہمایوں امیری، یونیسیف ہیلتھ ایکسپرٹ ڈاکٹر عامر اکرم اور یونیسیف نیوٹریشن ایکسپرٹ سید طاہر آغا اسٹاف آفیسر ٹو سیکرٹری (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 5 پر)

ہیلتھ شبیر احمد شاہوانی اور دیگر بھی موجود تھے۔ افتتاحی تقریب میں تمام شرکاء کو سینٹر آف ایکسیلنس کے تمام شعبوں کا دورہ کرایا گیا جسمیں ایک چھت کے نیچے بچوں کے لئے آئی ایم سی آئی، بچوں کی ابتدائی نشوونما، بچوں کے لیے غذائی پروگرام، پیدائش کا اندراج، اور بچوں کو مختلف بیماریوں سے بچاؤ کے ٹیکہ جات کا پروگرام ہمہ وقت دستیاب ہونگے۔ سیکرٹری صحت بلوچستان و دیگر شرکاء نے یونیسیف کی اس کاوش کو سراہا اور پروگرام کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا اس موقع پر سیکرٹری صحت بلوچستان صالح محمد بلوچ نے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آج دنیا بھر میں بچوں کو غذائی قلت کا سامنا ہے اور افریقہ کے بعد پاکستان خصوصا بلوچستان میں سب سے بچے زیادہ غذائی قلت کا شکار ہیں انہوں نے کہا کہ غذائی قلت کا شکار بچے زیادہ مفلوج ہو جاتے ہیں انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں نیوٹریشن پر توجہ دیتے ہیں تا کہ ایک صحت مند معاشرہ تشکیل پا سکیں انہوں نے کہا کہ یونیسیف اور دیگر عالمی اداروں کی تعاون سے بلوچستان میں بچوں کی غذائی قلت پر قابو پانے کے لیے تمام تر اقدامات اٹھا رہے ہیں تا کہ ہمارے مستقبل کے معمار بچے صحت مند معاشرہ کی تشکیل پا سکیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated 23 SEP 2024 Page No.

## چیف جسٹس بلوچستان کے حکم پر 26 جوڈیشل مجسٹریٹ کم سول جج تعینات

**تعیناتیاں جوڈیشل سلیکشن بورڈ کی سفارش پر کی گئیں ہیں، بلوچستان ہائیکورٹ کا اعلامیہ**

کوئٹہ (یو این اے) چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نے 26 امیدواروں کو ضلعی عدالتوں میں جوڈیشل مجسٹریٹ کم سول جج تعینات کردیا۔ بلوچستان۔۔۔۔۔۔۔ بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

ہائیکورٹ کے اعلامیہ کے مطابق چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ کی جانب سے تعیناتیاں بلوچستان جوڈیشل سلیکشن بورڈ کی سفارش پر کی گئیں ہیں۔ خیال رہے چیف جسٹس بلوچستان ہائی کورٹ نے تمام 26 امیدواروں کو گریڈ 18 میں تعینات کیا ہے۔

INTEKHAB QUETTA

## ورکرز بورڈ کی لیبر کالونی کی الاٹمنٹ میں بے ضابطگیوں کا انکشاف

**60 فیصد کوٹہ مائینز لیبر کا ہے جسے مبینہ طور پر نظر انداز کرکے لوٹ مار کا بازار گرم کیا گیا ہے**

**غیر متعلقہ افراد سے ڈھائی لاکھ لیکر کوارٹرز کی الاٹمنٹ کی جا رہی ہے، محمد اقبال یوسفزئی**

کوئٹہ (آن لائن) کان کن لیبر یونین (رجسٹرڈ) کے صدر محمد اقبال یوسفزئی نے اپنے ایک اخباری بیان میں ورکر ویلفیئر بورڈ کی جانب سے لیبر کالونی کی الاٹمنٹ بارے شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس الاٹمنٹ میں بیحد کرپشن اور بندر بانٹ کی جارہی ہے غیر متعلقہ افراد اور ورکر سے ڈھائی لاکھ طلب کیے جارہے ہیں انھوں نے کہا کہ 60 فیصد کوٹہ مائینز لیبر کا ہے جسے مبینہ طور پر نظر انداز کرکے لوٹ مار کا بازار گرم کیا گیا ہے اس سے قبل بھی ہم نے عدالت سے اسٹے لیکر اس قسم کی کرپشن پر روک لگائی تھی۔ اب پھر ہمیں عدالتوں اور احتجاجی روئیہ اختیار کرنے پر مجبور کیا جارہا ہیانھوں نے کہا کہ مزدوروں کے استحصال کسی صورت برداشت نہیں کیا جائیگا کان کن اپنی جان ہتھیلی پر رکھ کر ملکی معیشت کے استحکام میں کردار ادا کررہے ہیں جبکہ دوسری جانب محکمہ ویلفیئر بورڈ بلوچستان میں کرپٹ عناصران کے بنیادی حقوق کو کرپشن کے نذر کرنا چاہتے ہیں اور اسی تنگ وددو میں مزدوروں کو ان کی بنیادی حقوق سے محروم کیا جارہا ہے انھوں نے سیکرٹری ویلفیئر بورڈ اور حکومت بلوچستان سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ سرکاری کوارٹرز کی الاٹمنٹ میں جاری بے ضابطگیوں پر فوری نوٹس لیتے ہوئے مزدوروں کے حقوق کے تحفظ کے لیے اقدامات کرتے ہوئے الاٹمنٹ کے اس عمل کو شفاف بنایا جائے۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. Dated: 23 SEP 2024 Page No.

## بلوچ فارمسنگ پرسنز اور لاپتہ افراد کے اہلخانہ کے زیر اہتمام ریلی

**قیادت ماما قدیر اور لاپتہ افراد کے لواحقین نے کی، رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان بھی اظہار یکجہتی کیلئے شریک**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچ فارمسنگ پرسنز اور جبری طور پر لاپتہ افراد کے اہلخانہ کے زیر اہتمام ماما قدیر بلوچ اور لاپتہ افراد کے لواحقین نے ان کی بازیابی کے لئے کیمپ سے احتجاجی ریلی نکالی جو عدالت روڈ، سرکلر روڈ، جناح روڈ، منان چوک اور عدالت روڈ پر پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی حق دو تحریک کے سربراہ رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان سمیت دیگر نے بھی ریلی میں اظہار یکجہتی کیلئے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے نور عالم سمیت دیگر لاپتہ اپنے پیاروں کی......... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

بازیابی کیلئے نعرہ بازی کی مظاہرین کا کہنا تھا کہ نور عالم کو گزشتہ 7 سال سے جبری طور پر لاپتہ کیا گیا ہے تا حال ان کا کچھ معلوم نہیں کہ وہ کہاں ہیں مظاہرین کا کہنا تھا کہ ہمارے لاپتہ پیاروں پر کوئی الزام ہے تو انہیں عدالتوں میں پیش کیا جائے تا کہ قانون کے مطابق ان کے خلاف کارروائی ہو سکے اگر انہوں نے کوئی جرم نہیں کیا تو انہیں فوری طور پر رہا کیا جائے

## صوبے میں امن و امان کیلئے فورسز کی قربانیاں لازوال ہیں، علی مدد جتک

**ژوب میں دہشتگردی کے واقعہ میں 3 اہلکاروں کی شہادت قابل افسوس ہے، رہنما پی پی**

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن حاجی علی مدد جتک نے ضلع ژوب میں پولیس گاڑی پر فائرنگ کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے انہوں نے حملے میں اے ایس آئی سمیت انسداد دہشتگردی فورس (اے ٹی ایف) کے 3 اہلکاروں کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا اور شہید ہونے والے اہلکاروں کے لواحقین سے دلی تعزیت ......... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کی ہے اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ان حملوں میں ملوث مجرموں کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لایا جائے گا انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے پولیس اور فورسز کے جوانوں کی قربانیاں لازوال ہیں۔

Century Express Quetta

## 26ویں آئینی ترمیم مسترد کرتے ہیں، بلوچستان بار کونسل

**آئینی ترمیم کا مقصد سپریم کورٹ کو تقسیم اور من پسند فیصلے حاصل کرنا ہے**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان بار کونسل کے ایگزیکٹو کمیٹی نے پاکستان بار کونسل کی جانب سے قائم کمیٹی مسترد کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان بار کونسل کی ایگزیکٹو کمیٹی نے بلوچستان بھر کے وکلاء نمائندوں نے حکومت کی جانب سے 26ویں آئینی ترمیم کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ آئینی ترمیم میں سپریم کورٹ کو تقسیم کر کے آئینی عدالت کے نام پر من پسند فیصلہ حاصل کرنا چاہتے ہیں بلوچستان بار کونسل کے ایگزیکٹو کمیٹی نے فیصلہ کیا ہے کہ وہ موجود آئینی ترمیم کو مسترد کرتے ہیں اور پاکستان بار کونسل کی جانب سے قائم کمیٹی سے لاتعلقی کا اظہار کرتے ہیں اور اسے مسترد کرتے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. Dated: 23 SEP 2024 Page No.

## بلوچستان پولیس کے کراچی میں بھوتانی برادران کے گھروں پر چھاپے، 4افراد گرفتار

**بھوتانی ہاؤس کی جانب سے چھاپوں کی تصدیق، پولیس سے رابطہ کرنے کے باوجود جواب نہیں ملا**

کوئٹہ/کراچی (این این آئی) بلوچستان پولیس کی بھاری نفری نے گزشتہ شب کراچی کے علاقے ڈیفنس میں سابق صوبائی وزیر سردار محمد صالح بھوتانی اور سابق رکن قومی اسمبلی محمد اسلم بھوتانی کے گھروں پر چھاپہ مارا اس دوران گھر سے دو ملازمین سمیت چار افراد کو حراست میں لے لیا گیا بھوتانی ہاؤس کے ذرائع نے چھاپے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ ان کے کراچی میں واقعہ دو گھروں پر گزشتہ شب چھاپہ مارا گیا اس دوران ایک گھر کے شیشے توڑ کر پولیس نے دو ملازمین اور دو مہمانوں کو حراست میں لیا اس حوالے سے پولیس حکام سے رابطہ کرنے کی کوشش کی گئی تاہم ان کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوسکا۔

## قلعہ عبداللہ، دو مختلف واقعات میں 2افراد ہلاک

قلعہ عبداللہ (نامہ نگار) قلعہ عبداللہ میں دو مختلف واقعات میں دو افراد ہلاک جبکہ دو زخمی ہوگئے۔ تفصیلات کے مطابق کلی کولک کا رہائشی سفر محمد کاکوزئی اپنے ساتھی کے ہمراہ موٹر سائیکل پر میزئی اڈہ سے کلی کولک کاکوزئی جارہا تھا کہ سامنے سے آنے والی تیز رفتار موٹر سائیکل سے ٹکرانے سے سفر محمد موقع پر جاں بحق جبکہ دو افراد شدید زخمی ہوگئے۔ ایک اور واقعہ میں کلی میزئی کے رہائشی رحمت اللہ میزئی کو شدید تشدد کے بعد گولی مار کر ہلاک کردیا گیا اور لاش کو کلی کے مقامی قبرستان میں پھینک کر ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہوگئے۔

## پنجگور: ہوٹل میں ڈکیتی، مزاحمت پر ایک شخص زخمی

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور کے علاقے سی پیک روڈ پر جوہ ہوٹل میں ڈکیتی کی واردات کے دوران فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا۔ ذرائع کے مطابق پنجگور کے علاقے سریکوران سی پیک روڈ پر جوہ ہوٹل میں ڈکیتی کی واردات کے دوران مسلح افراد لاکھوں روپے نقد لے گئے۔ مزاحمت پر ڈاکوؤں نے ڈرائیور ثناء اللہ ولد محمد حسن سکنہ خاران کو فائرنگ کرکے زخمی کردیا۔

## خاران: سڑک کنارے بم دھماکہ، چھ افراد زخمی

خاران (نامہ نگار) خاران میں سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب دھماکے میں چھ افراد زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق، خاران شہر میں واقع کیف ویدگ ہوٹل کے سامنے سڑک پر ایف سی کی گاڑی جارہی تھی کہ نامعلوم مسلح افراد نے دستی بم پھینک دیا جو سیکورٹی فورسز کی گاڑی کے قریب زوردار دھماکے سے پھٹ گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں چھ راہگیر افراد زخمی ہو گئے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا، پولیس اور سیکورٹی فورسز نے علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آوروں کی تلاش شروع کردی۔

## تربت میں بھائی نے بھائی کو موت کے گھاٹ اتار دیا

تربت (نامہ نگار) تربت کے علاقے ملیب مند میں گھریلو جھگڑے پر بھائی نے اپنے ہی سگے بھائی عثمان ولد فقیر محمد کو فائرنگ کرکے ہلاک کردیا۔

## ڈیرہ بگٹی اور بارکھان کے سرحدی علاقے میں مسلح افراد کا حملہ 2افراد جاں بحق

**تین افراد زخمی ہوگئے، لیویز اور امن فورس کے رضاکاروں نے حملہ آوروں کا تعاقب شروع کردیا**

ڈیرہ بگٹی+سوئی (این این آئی) ضلع ڈیرہ بگٹی اور بارکھان کے سرحدی علاقے میں مسلح افراد کا حملہ 2افراد جاں بحق جبکہ 3افراد زخمی ہوگئے لیویز حکام کے مطابق اتوار کو بیکڑ اور بارکھان کے درمیانی علاقے میں مسلح افراد نے حملہ کردیا جس کے نتیجے میں 2افراد جاں بحق جبکہ 3زخمی ہوگئے واقعہ کے بعد لیویز اور امن فورس کے رضاکاروں نے مسلح افراد کا تعاقب شروع کردیا جبکہ زخمیوں کو ڈیرہ غازی خان ریفر کردیا گیا مزید کارروائی لیویز کررہی ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## خاران: ایک ماہ پرانی دو لاشوں کی برآمدگی کے بارے میں تحقیقات کا سلسلہ جاری

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) خاران سے ایک ماہ پرانی دو لاشوں کی برآمدگی کے بارے میں تحقیقات کا سلسلہ جاری ہے لیویز ذرائع کے مطابق دونوں افراد کا تعلق سندھ کے علاقے ٹنڈو محمد خان سے ہے۔ برآمد شدہ لاشوں میں سے ایک کی شناخت نجب الدین ......... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

کے نام سے ہوئی ہے یہ لاشیں گل ماس کے ریگستانی علاقے سے ملی ہیں، جہاں ایک چرواہے نے انہیں دیکھ کر متعلقہ حکام کو اطلاع دی ابتدائی تحقیقات کے مطابق بظاہر دونوں افراد کی موت بھوک اور پیاس کی وجہ سے ہوئی ہے، اور شبہ یہ بھی ہے کہ وہ ریگستان میں راستہ بھٹک گئے تھے حکام مزید تحقیقات کر رہے ہیں تاکہ اس معاملے کی تفصیلات اور ممکنہ وجوہات کا پتہ چلایا جاسکے اس واقعہ نے علاقے میں تشویش کی لہر پیدا کردی اور مقامی آبادی کی حفاظت کیلئے اقدامات پر زور دیا جارہا ہے۔

## بی سی آئی اے و پولیس کی کارروائی کروڑوں روپے کا سامان اسمگل کرنے کی کوشش ناکام

کوئٹہ (این این آئی) بی میں سی آئی اے اور پولیس کی کارروائی کروڑوں روپے کا سامان اسمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی گئی پولیس حکام کے مطابق بی میں سی آئی اے اور پولیس نے مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے تین ٹرکوں سے کروڑوں روپے مالیت کا غیر ملکی سامان برآمد کرکے اندرون ملک اسمگلنگ کی کوشش ناکام بنادی پولیس حکام کے مطابق برآمد ......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

کئے سامان میں خشک دودھ، ملس سگریٹ، چائنیز نمک، ٹائر، چھالیہ، لیڈیز کپڑے، پلاسٹک بیگ، موٹر سائیکل/رکشہ کاربوریٹر، موٹر سائیکل چین، آٹو پارٹس، صابن شامل ہیں پولیس حکام کے مطابق غیر ملکی سامان کوئٹہ سے اندرون سندھ لے جایا جارہا تھا۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 23 SEP 2024 Page No.

# چاغی سیلاب متاثرین چھ ماہ سے کھلے آسمان تلے زندگی گزارنے پر مجبور

## سینکڑوں متاثرین ،اور زمیندار تا حال حکومتی امداد کے منتظر، چاغی میں بڑی تباہی کے باوجود متاثرین امداد اور بحالی کے کاموں سے محروم ہیں

### سیلابی ریلوں سے زمینداروں کھڑی فصلیں ، بورنگ ، شمسی پلیٹیں اور زمینداروں کے بندات کو متاثر کر کے تباہ کر دیا گیا ، رپورٹ

چاغی (نامہ نگار) چاغی سیلاب متاثرین چھ مہینے سے کھلے آسمان زندگی گزارنے ہر مجبور ، سینکڑوں متاثرین ،اور زمیندار تا حال حکومتی امداد کے منتظر، چاغی میں بڑی تباہی کے باوجود متاثرین امداد اور بحالی کے کاموں سے محروم، چاغی لشکراب ،کلی حاجی کوچال خان ،کلی شہباز خان ،کلی سردار علی احمد خان سنجرانی ،سیلاب سے متاثرین کھلے آسمان تلے زندگی بسر کرنے والوں کو مشکلات کا سامنا ہیں ،تفصیلات کے مطابق چھ مہینے پہلے تحصیل چاغی میں طوفانی بارشوں اور سیلابی ریلوں سے سینکڑوں گھر منہدم ہوگئے سیلابی ریلوں سے زمینداروں کھڑی فصلیں ، بورنگ ، شمسی پلیٹیں اور زمینداروں کے بندات کو متاثر کر کے تباہ کر دیئے اور تحصیل چاغی کے زمینداروں کے اربوں روپے کا نقصانات ہوئے ہیں زمینداروں کے فصلات ،سیلابی ریلے میں بہہ گئے اور کئی زمینداروں کے بور اور سولر سسٹم تباہ ہوگئے صوبائی حکومت بلوچستان نے علاقے کو آفت زدہ قرار دیا تھا اور نہ بجلی کے بقایاجات اور نہ زمینداروں کے قرضے معاف ہوئے تھے، چاغی کے متاثرین نے کہا کہ جو سروے ہوا ہیں صرف اور صرف چیلوں کے حد ہوا ہیں لیکن سیلاب سے اکثریت متاثرین کا ابھی تک سرکاری سروے نہیں ہوا ہیں اور زمیندار متاثرین کے ابھی تک کوئی سروے نہیں ہوا ہیں انھوں نے کہا کہ کچھ خیمے اور کچھ راشن کے کاٹن تقسیم ہوئے ہیں وہ بااثر و یگو گاڑی والوں کو ملے ہیں متاثرین کو بہت کم ملے ہیں چاغی میں سیلاب متاثرین کو نہ مالی امداد فراہم کیا گیا ہیں اور نہ ان کے گھر اور چاردیواری تعمیر کئے ہیں چاغی کے متاثرین تا حال بے یار و مددگار ہیں گرمی کے آمد نے انکے پریشانیوں کو مزید اضافہ کر دیئے ہیں متاثرین نے صوبائی حکومت بلوچستان اور ضلع چاغی کے مختلف این جی اوز سے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے مدد کریں ہمیں مکانات بنانے کے لیے ایک روپے تک نہیں ملا ہیں انھوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی ایم پی اے چاغی حاجی صادق خان سنجرانی سے اپیل کیئے کہ تحصیل چاغی میں طوفانی بارشوں اور سیلاب ریلے سے متاثر ہونے والوں کے گھر اور چاردیواری کے بحالی کے لیے فوراً اقدامات کیے جائیں

# اوستہ محمد میں چوری ڈکیتی کی وارداتوں سے لوگ پریشان

### ڈاکوؤں کی سرپرستی وڈیرے کرتے ہیں پولیس بے بس ہوتے ہیں کچھ نہیں کر سکتے ہیں

اوستہ محمد (آن لائن) اوستہ محمد میں سی ڈی موٹر سائیکل ٹارگیٹ ڈکیتی ہوتے ہیں اور شہری پریشان ان ڈاکوؤں کی پشت پناہی وڈیرے کرتے ہیں چند مہینوں بعد بڑی وارداتیں بھی ہوں گے۔اہم ذرائع تفصیلات کے مطابق اوستا محمد میں پولیس اپنی کوشش کر رہی ہے اس میں کوئی شک نہیں لیکن اس کے باوجود بھی ڈکیتی معمول بنی ہی ہے آئے روز سی ڈی موٹر سائیکل ٹارگیٹ پر ہیں ان کا ایک گروہ ہے ہر چوک یا محلے میں ڈاکوؤں کے لڑکے رکھے ہوئے ہیں جو موٹر سائیکلوں کو دیکھتے ہیں جو جو سی ڈی موٹر موٹر سائیکل یا کوئی نیا موٹر سائیکل دیکھتے ہیں وہ فوری ڈاکوؤں کو اس موٹر سائیکل کا سمت بتاتے ہیں کہ کہاں طرف آ رہا ہے ڈاکو اس کو ڈکیتی کرتے ہیں اور اس لڑکے کو فی موٹر سائیکل پر اس لڑکے کو تین ہزار یا پانچ ہزار دیتے ہیں۔جبکہ ڈاکو ایک لاکھ تک بھنگ لیکر واپس کرتے اور ان ڈاکوؤں کی سرپرستی وڈیرے کرتے ہیں پولیس بے بس ہوتے ہیں کچھ نہیں کر سکتے ہیں۔اور یہ بھی معلوم ہوا کہ ہر قوم سے لفنگ لڑکے ڈکیتی اور چوریوں میں ملوث ہیں

CamScanner

# گوادر میں ٹرانسپورٹرز کا احتجاج دھرنا، کوسٹل ہائی وے بلاک، سینکڑوں زائرین پھنس گئے

**پک اپ مالکان سربندن کراس پر کوسٹ گارڈز کے مبینہ رویئے اور مظالم کیخلاف سراپا احتجاج، گاڑیوں کی طویل قطاریں**

**مذاکرات اعتماد کی کمی کے باعث بے نتیجہ، جب تک شکایات کا ازالہ نہیں کیا جاتا احتجاج جاری رہے گا، مظاہرین کا اعلان**

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر میں مقامی ٹرانسپورٹرز کی جانب سے ہڑتال جاری رہی جس کے باعث ایران سے واپس آنے والے سینکڑوں زائرین پھنس گئے۔ رپورٹ کے مطابق پک اپ مالکان سربندن کراس پر کوسٹ گارڈز کے مبینہ رویئے اور مظالم کیخلاف سراپا احتجاج ہیں، مظاہرین نے کوسٹل ہائی وے پر رکاوٹیں کھڑی کر کے ٹریفک روک دی، ٹرانسپورٹرز کے احتجاج کے نتیجے میں خواتین.........

بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

، بچوں سمیت زائرین پاک ایران سرحد پر پھنس گئے، دھرنے کے مقام پر 200 سے زائد خاندان انتظار کر رہے ہیں کیونکہ احتجاجی مظاہرین کراچی سمیت دیگر شہروں کی طرف سفر جاری رکھنے کی اجازت نہیں دے رہے، سربندن کراس پر کوسٹل ہائی وے کے دونوں اطراف مسافر کوچز، بسیں اور سامان لے جانے والے ٹرکوں کی بڑی تعداد بھی پھنسی ہے، مظاہرین نے کہا جب تک شکایات کا ازالہ نہیں کیا جاتا احتجاج جاری رہے گا، گوادر کی مقامی انتظامیہ اور مظاہرین کے درمیان مذاکرات دونوں فریقوں کے درمیان اعتماد کی کمی کے باعث بے نتیجہ ہے۔

**علاقے میں سڑک تو دور سکول و ہسپتال بھی نہیں ہے لوگوں کو بنیادی ضروریات زندگی میسر نہیں، علاقے کے لوگ پشین بازار یا کوئٹہ علاج و معالجہ کیلئے جاتے ہیں**

# پشین کی تحصیل حرمزئی درہ سنزلہ 2 دہائیوں سے ترقیاتی منصوبوں سے محروم

**یہاں سے دو بار جے یو آئی، ایک بار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور پھر جمعیت علمائے اسلام کامیاب ہوئی ہے لیکن علاقے میں آج بھی بنیادی سہولیات دستیاب نہیں**

**سنزلہ روڈ دو بار منظور ہونے کے باوجود کام کا آغاز نہیں ہو سکا، وزیر اعلیٰ بلوچستان و دیگر سے اپیل کی کہ علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لئے منصوبے شروع کئے جائیں**

پشین (مشرق سروے رپورٹ) پشین کی تحصیل حرمزئی درہ سنزلہ 2 دہائیوں سے ترقیاتی منصوبوں سے محروم ہے درہ سنزلہ کے رہائشی فیض اللہ منظور، حاجی ہاشمی اکبر خان شمس اللہ عبدالرزاق خان نعمت خان زئی ملک فدا جان ملک حنیف اللہ داد ملک مجید، عبدالجبار، نعیم خان نے کہا کہ اس علاقے میں سڑک تو دور سکول و ہسپتال بھی نہیں ہے لوگوں کو بنیادی ضروریات زندگی میسر نہیں، 15 ہزار سے زائد کی نفوس پر مشتمل آبادی والے علاقے کے لوگ پشین بازار یا کوئٹہ علاج و معالجہ کیلئے جاتے ہیں، یہاں سے دو بار جمعیت علمائے اسلام، ایک بار پشتونخوا ملی عوامی پارٹی اور پھر جمعیت علمائے اسلام کامیاب ہوئی ہے لیکن علاقے میں آج بھی بنیادی سہولیات دستیاب نہیں، سنزلہ روڈ دو بار منظور ہونے کے باوجود کام کا آغاز نہیں ہو سکا، سابق صوبائی وزیر سردار مصطفیٰ خان ترین مرحوم اور سید عزیز اللہ آغا کی جانب سے کروڑوں کے اعلانات صرف اعلانات تک محدود رہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان و دیگر سے اپیل کی کہ علاقے کی ترقی و خوشحالی کے لئے منصوبے شروع کئے جائیں۔

CamScanner

## امن سے انسانیت کی بقاء اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل ممکن ہے

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے امن کے عالمی دن کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں کہا ہے کہ امن سے انسانیت کی بقاء اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل ممکن ہے تاہم آج دنیا بھر میں قیام امن سب سے بڑا چیلنج ہے۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاکستان عالمی سازشوں کے نرغے میں ہے۔ ہمیں اندرونی معاملات درست کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ امن کو سبوتاژ کرنے میں سوشل میڈیا کے منفی کردار سے آنکھیں بند نہیں کی جاسکتیں پاکستان عالمی سازشوں کے نرغے میں ہے۔ ہمیں اندرونی معاملات درست کرنے کی ضرورت ہے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ امن کو سبوتاژ کرنے میں سوشل میڈیا کے منفی کردار سے آنکھیں بند نہیں کی جاسکتیں اور نہ ہی بلوچستان کے حالات خراب کرنے میں بیرونی قوتوں کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا ہے۔ باہر بیٹھے ہینڈلرز سوشل میڈیا پر نوجوانوں کو ریاست سے دور کررہے ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ نوجوانوں اور ریاست میں نفرت کے بیج بو کر دوریاں پیدا کی جارہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں حالات کی نزاکت کا ادراک کرنا ہوگا۔ ہم اپنے نوجوانوں کو حصول علم اور ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے کیلیے آکسفورڈ یونیورسٹی سمیت دنیا بھر میں بھیج رہے ہیں نوجوانوں اور ریاست میں نفرت کے بیج بو کر دوریاں پیدا کی جارہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ہمیں حالات کی نزاکت کا ادراک کرنا ہوگا۔ ہم اپنے نوجوانوں کو حصول علم اور ترقی کی نئی راہیں تلاش کرنے کیلیے آکسفورڈ یونیورسٹی سمیت دنیا بھر میں بھیج رہے ہیں تو دوسری جانب امن دشمن عناصر انہیں مایوسی کے اندھیروں میں دھکیل کر وطن عزیز میں امن کو سبوتاژ کرنے پر مائل کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ امن کا قیام اور ہر شہری کا تحفظ ریاست کی ذمہ داری ہے۔ پائیدار قیام امن کیلیے تمام اقدامات کیے جارہے ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عالمی یوم امن پر پاکستان اور بلوچستان کو امن کا گہوارہ بنانے کے اپنے عزم کا اعادہ کرتے ہیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No.

Dated: 23 SEP 2024 Page No.

# Polio cases

As Balochistan faces a continuous rise in polio cases, the situation demands an immediate and focused response, transcending political and administrative distractions. The recent discovery of polio cases from different districts signals a resurgence of polio. About 14 cases of polio virus have been reported in Balochistan this year, out of which 6 cases have been reported from Qila Abdullah district. Apart from this, 2 children have been affected by polio virus in Quetta this year, one case of polio has been reported from Chaman, Jhal Magsi, Zhob, Kharan, Dera Bugti and Qila Saifullah. Sadly, three of the affected children have died. Health officials have expressed serious concern over the reported cases of polio in the province this year. Besides other reasons, ineffective polio campaigns also increase the risk of reemerging of polio virus. Reportedly, in the recent polio drive what was started from September 9 to 15 a number of parents avoided administering polio vaccine to their children which is absolutely regrettable. Polio, with no cure and potentially devastating effects, can only be combated through persistent vaccination efforts. However, these efforts need a committed government and supportive security apparatus. The government and other stakeholders have repeatedly tried to dispel the dangerous myths surrounding polio vaccination drops, which continue to be viewed with deep suspicion in some pockets in Pakistan. The level of distrust is such that vaccination teams, including the security personnel guarding them, are often targeted in deadly attacks in a bid to discourage them from doing their work. Operating under constant fear for their lives, it can become a real challenge for them to do what should otherwise be a very simple task. It is, therefore, critical for the fight against polio to succeed so that dangerous misconceptions about the vaccine continue to be comprehensively disproven and forcefully dismissed. The government and authorities' concerned need to expedite their efforts to convince parents across the province about the essentiality of polio vaccination with regard to children's health. The unvaccinated not only create risks for themselves, but also for everyone they come in contact with. In this regard, the role of religious scholars is of much importance but regrettably there are still scholars who still view this drive with suspicious eyes. Likewise, consistent funding and resource allocation for polio campaigns are essential. This includes ensuring adequate supplies of vaccines and supporting the workforce involved in these initiatives. The government must see that these efforts are sustained and not disrupted by political or economic challenges.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 23 SEP 2024 Page No.



لورالائی، ڈی آئی جی پولیس لورالائی رینج عبدالغفار قیصرانی شہید ہونیوالے اے ٹی ایف انچارج گوہر مشتاق کی میت پر پھول چڑھا رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: Tribune Express Karachi

Bullet No.

Dated: 22 SEP 2024 Page No.

## Govt to establish peace in Balochistan

QUETTA: Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Saturday said all measures were being taken for sustainable peace as the establishment of peace and the protection of every citizen is the responsibility of the state. He said that the survival of humanity and the formation of a developed society are possible through peace while peacekeeping is the biggest challenge in the world today. APP